# نوحہ

روئی سیدہؑ میرا لاڈلہ قتل الحسینؑ بکر بلا
بے گناہ بے جرم بے خطا قتل الحسینؑ بکر بلا

میرا زندہ جب تک حسینؑ تھا میرے درد پہلو میں چین تھا
میرا قتل محسنؑ پھر ہو قتل الحسینؑ بکر بلا

چلی ظلم کی ایسی تیز ہوا میری بیٹیاں ہوگئیں بے ردا
میرا بن میں کوئی نہ رہا قتل الحسینؑ بکر بلا

نہ اسے ہے جہاں میں اماں ملی جو ملی ہے تو نوک سناں ملی
اس غم سوا مجھے کیا ملا قتل الحسینؑ بکر بلا

جسے ناز سے میں نے پالا تھا بے کفن ہے وہ دشت میں سوگیا
واحسرتا ، وامـــــــــــــــصیبتــــــــــــــا قتل الحسینؑ بکربلا

ہائے خاک میں قرآن ملا دیا اور گھر بھی ہمارا جلا دیا
ہائے کیسا یہ ہم کو صلہ دیا قتل الحسینؑ بکر بلا

اے رحمۃ اللعالمینﷺ اے ضیائے صبح اولین
تیرے بعد کیا کیا نہ ہوا قتل الحسینؑ بکر و بلا